| ا | 6 | ذ | 3 | غ | 4 |
| ب | 2 | ر | 3 | ف | 2 |
| پ | 2 | ڑ | 3 | ق | 5 |
| ت | 2 | ز | 3 | ک | 2 |
| ٹ | 2 | ژ | 3 | گ | 2 |
| ث | 2 | س | 5 | ل | 5 |
| ج | 4 | ش | 5 | م | 4 |
| چ | 4 | ص | 5 | ن | 5 |
| ح | 4 | ض | 5 | و | 6 |
| خ | 4 | ط | 4 | ہ | 3 |
| د | 3 | ظ | 4 | ی | 6 |
| ڈ | 3 | ع | 4 | ے | 6 |

# (۶۸) خوشیاں بانٹیے خوش قسمت بنیے

**مقصد:** ہدایت کے مطابق الفاظ بنانا

**ھدایت:** یہاں آٹھ جملے ایسے دیئے گئے ہیں جن کے معنوں پر غور کر کے آپ ان میں لفظ "خوش" جوڑیں گے تو ایک نیا اور جامع لفظ ایسا بنے گا جس میں اس پورے جملے کا مطلب آجائے گا جیسے

**مثال:**

ایک آدمی جو اچھے ذوق کا کہلانا چاہتا ہے اس کو آپ خوش کریں گے تو وہ بن جائے گا (خوش مذاق)

ایک آدمی جو اچھے خیالات کا کہلانا چاہتا ہے اس کو آپ خوش کریں گے تو وہ بن جائے گا (خوش خیال)

صحیح جواب کے لئے وقت ایک منٹ ہو گا اور نمبر دو۔ دو بچے باری باری یہ کھیل کھیل سکتے ہیں۔ جو بچہ مقررہ وقت میں زیادہ تعداد میں صحیح الفاظ بنائے گا وہ "خوش قسمت" کہلائے گا۔

1 ایک آدمی اپنے اخلاق اچھے بنانا چاہتا ہے اس کو آپ "خوش" کریں گے تو وہ بن جائے گا ☐

2 ایک آدمی اپنی مالی حالت اچھی بنانا چاہتا ہے اس کو آپ "خوش" کریں گے تو وہ بن جائے گا ☐

3 ایک آدمی جو اپنا بیان اچھا بنانا چاہتا ہے اس کو آپ "خوش" کریں گے تو وہ بن جائے گا ☐

4 ایک آدمی جو اپنی آواز اچھی بنانا چاہتا ہے اس کو آپ "خوش" کریں گے تو وہ بن جائے گا ☐

5 ایک آدمی جو عمدہ پوشاک پہننے والا کہلانا چاہتا ہے اس کو آپ "خوش"
کریں تے تو وہ بن جائے گا

6 ایک آدمی جو عمدہ اور لطیف کھانا کھانے والا کہلانا چاہتا ہے اس کو آپ "خوش"
کریں گے تو وہ بن جائے گا

7 ایک آدمی جو اچھے خط والا کہلانا چاہتا ہے اس کو آپ "خوش"
کریں گے تو وہ بن جائے گا

8 ایک آدمی جو اچھے طور طریق کا کہلانا چاہتا ہے اس کو آپ "خوش"
کریں گے تو وہ بن جائے گا


# (۶۹) اپنے جسمانی اعضا انہیں دیجئے

مقصد: جسمانی اعضا کا بے جان چیزوں کے لئے استعمال

ھدایت: مندرجہ ذیل تصویروں کی مدد سے بتایئے کہ کس جسمانی عضو کی مشابہت ان میں پائی جاتی ہے جس کی وجہ سے اسی عضو کا نام ان چیزوں کے بعض حصوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

کھلاڑی: 1 وقت: 3 منٹ نمبر: 6

1 میز کے



2 قلم کی



3 صراحی کی




4 کنگھی کے



5 بوتل کا



6 کرسی کے



# (۷۰) اپنی جگہ صحیح جگہ

مقصد: الفاظ کا صحیح استعمال

ھدایت: (الف) کے تحت دیئے گئے ادھورے جملوں کو (ب) کے تحت دیئے گئے الفاظ سے اس طرح جوڑیئے کہ نہایت موزوں اور مکمل جملہ بن جائے۔

یہ کھیل دو کھلاڑی باری باری سے کھیلیں گے۔ایک جملے کے لئے ایک منٹ ہوگا اور ایک نمبر۔اگر کوئی کھلاڑی مقررہ وقت میں جملہ نہیں بنا پائے گا تو اسے کوئی نمبر نہیں ملے گا دوسرا کھلاڑی اس کے بعد دو منٹ میں دو جملے بنادے تو اسے ایک بونس نمبر بھی ملے گا۔


| | الف | | ب |
|---|---|---|---|
| 1 | ستارے چمک رہے ہیں | 1 | بازار میں |
| 2 | پاگل پھاڑ رہا ہے۔ | 2 | پھولوں سے |
| 3 | کنجڑے بولی لگا رہے ہیں | 3 | محفل میں |
| 4 | بندر کود رہے ہیں | 4 | مریض کا |
| 5 | بچہ سو رہا ہے | 5 | منزل پر |
| 6 | معالج تجزیہ کر رہا ہے | 6 | پانی میں |
| 7 | مچھلی تیر رہی ہے | 7 | پالنے میں |
| 8 | مسافر پہنچ رہا ہے | 8 | درختوں پر |
| 9 | پتنگ اڑ رہی ہے | 9 | مٹھائی پر |
| 10 | مزدور محنت کر رہے ہیں | 10 | چمنی سے |
| 11 | مکھی بیٹھ رہی ہے | 11 | ساون میں |
| 12 | دھواں نکل رہا ہے | 12 | کان میں |
| 13 | جھولے مڑ رہے ہیں | 13 | فضاؤں میں |
| 14 | شمع جل رہی ہے | 14 | کپڑوں کو |
| 15 | خوشبو آ رہی ہے | 15 | آسمان پر |

# (۱۷)　ایک ہوں میں لیکن کتنے نام؟


**مقصد:** ہم معنی الفاظ کی پہچان

**ھدایت:** نیچے دی گئی ہر تصویر کے لئے استعمال ہونے والے کم از کم چار چار لفظ بتائیے۔


**کھلاڑی:** 3　　**وقت:** 3 منٹ　　**نمبر:** 6



1



2



3

# (۷۲) ایک جواب

**مقصد:** ذو معنی الفاظ کی پہچان

**ھدایت:** نیچے دس سوال دیئے گئے ہیں لیکن ان کے صرف پانچ جواب ہیں۔ ایک کھلاڑی ایک سوال کا جواب بتائے گا دوسرا کھلاڑی اسی کا دوسرا سوال ڈھونڈے گا۔

کوئی کھلاڑی اگر اپنی باری کا جواب یا سوال بتا نہیں پائے گا اور دوسرا کھلاڑی فوراً صحیح جواب یا سوال بتا دے گا تو اس کو زائد 1 نمبر ملے گا۔

کھلاڑی: 2 وقت: 10 نمبر: 10

1 روٹی جلی کیوں؟
2 وزیر کیوں نہ رکھا؟
3 پان سڑا کیوں؟
4 انار کیوں نہ چکھا؟
5 گوشت کیوں نہ کھایا؟
6 گھوڑا کیوں بھاگا؟
7 گانا کیوں نہیں گایا؟
8 لٹھا کیوں نہ لیا؟
9 کپڑا کیوں نہیں بدلا؟
10 کتاب کیوں نہیں چھپی؟

# (۷۳) ضد بھی شناخت کا ذریعہ

**مقصد:** ضد کی مدد سے الفاظ بنانا

**ھدایت:** مثال کے مطابق اشاروں کی مدد سے اس جدول کی تکمیل کیجئے اور با معنی الفاظ بنایئے بطور اشارہ ان الفاظ کی اضداد دی گئی ہیں۔

**کھلاڑی:** 1 **وقت:** 5 منٹ **نمبر:** 7

**مثال**

| | | | |
|---|---|---|---|
| د | ی | ف | س |
| | | س | |
| | س | | |
| س | | | |
| | س | | |
| | | س | |
| | | | س |

**اشارات:**

1 کالا کی ضد

2 دشوار کی ضد

3 فتح کی ضد

4 مٹھاس کی ضد

5 دشمن کی ضد

6 بلندی کی ضد

7 مہنگا کی ضد

# (۴۷) جوڑو تو جانیں

**مقصد:** کیفیت کی مناسبت سے لفظوں کی پہچان

**ہدایت:** ذیل میں دی ہوئی فہرست میں سے موزوں الفاظ چن کر جوڑے بنائیے

☆ اس کھیل کو باری باری دو کھلاڑی کھیلیں گے۔

☆ ہر ایک لفظ کے لئے آدھا منٹ اور ایک نمبر مقرر ہے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چابی | کرسی | پلیٹ | موزے | قلم | کان | قمیص |
| پاؤں | کپڑا | دال | سبزی | دھاگا | برا | گیند |

1 ہاتھ اور ______

2 سوئی اور ______

3 پیالہ اور ______

4 تالا اور ______

5 آنکھ اور ______

6 روٹی اور ______

7 میز اور ______

8 جوتے اور ______


| | | |
|---|---|---|
| 9 | دوات اور | |
| 10 | شلوار اور | |
| 11 | بلا اور | |
| 12 | اچھا اور | |
| 13 | چاقو اور | |
| 14 | درزی | |

# (۷۵) پرایا کون؟

**مقصد:** متعلقہ الفاظ کی پہچان

**ھدایت:** دائرے کے ہر خانے میں سے ایک غیر متعلقہ لفظ تلاش کر کے مرکز میں دیے گئے متعلقہ خانے میں لکھیے

**کھلاڑی:** 1 **وقت:** 10 سکینڈ **نمبر:** ہر صحیح لفظ کے لیے 1




# (٧٦) تصویر بولتی ہے کیا؟


**مقصد:** متعلقہ الفاظ کی پہچان

**ھدایت:** نیچے دی گئی تصویروں سے ایک ایک تصویر لے کر اس سے متعلق سات سات الفاظ جدول سے چن کر لکھیے۔ جدول میں غیر متعلقہ الفاظ بھی ہیں۔


**کھلاڑی:** 3 **وقت:** 3 منٹ **نمبر:** ایک لفظ کے لئے 1



تصویر1



تصویر2



تصویر3


| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شمع | | سورج | | درخت | | دھوپ |
| بلندی | شعلہ | | روشنی | کرن | | پہاڑ |
| غروب | پتھر | چوٹی | پگھلنا | طلوع | پھوپھی | پروانہ |
| وادی | | دن | | موم | | شفق |
| برف | مٹھاس | | بتی | | کرسی | بچہ |

# (۷۷) غیر حاضر کون؟

**مقصد:** مختلف گروپ سے متعلقہ لفظ کی تلاش

**ہدایت:** نیچے الفاظ کے پانچ گروپ دیئے گئے ہیں اور ہر گروپ سے ایک متعلقہ لفظ غائب ہے۔ وہ لفظ لکھیے

**کھلاڑی:** 5 **وقت:** 1 منٹ **نمبر:** 1



# (۷۸) ہم آپ کے ہیں کون؟

مقصد: مختلف پیشوں سے متعلق الفاظ کی پہچان

ھدایت: نیچے دیئے گئے ایک ایک پیشے کو لیجئے مثال کے مطابق اس سے متعلق تین الفاظ کو فہرست سے لے کر لکھیے۔

کھلاڑی: 5 وقت: ایک پیشے کے لیے 1 منٹ نمبر: ایک لفظ کے لیے 1

**مثال**

درزی سوئی دھاگا کپڑا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کسان | ڈاکٹر | استاد | وکیل | اداکار | |
| رقص | مدرسہ | مریض | عدالت | بیل | |
| ادا | انجکشن | گواہ | منصف | کھیت | |
| مکالمہ | دوا | گھنٹی | ہل | کلاس | |

# (۷۹) چھپے ہوئے اعضا

**مقصد:** لفظ سے دوسرے بامعنی لفظ کی پہچان

**ہدایت:** نیچے دیئے گئے الفاظ میں کچھ اعضا کے نام شامل ہیں۔ انہیں پہچان کر الگ سے لکھیے۔

**کھلاڑی:** 3    **وقت:** 2 منٹ    **نمبر:** ایک لفظ کے لیے 1

| | | |
|---|---|---|
| فسر .................. | ٹانگنا .................. | چٹخنا .................. |
| پیرہن .................. | ہاتھاپائی .................. | خطرناک .................. |
| گلا .................. | کمرا .................. | لپیٹنا .................. |
| گالدان .................. | دوکاندار .................. | میزبانی .................. |

# (۸۰) صحیح پتا

مقصد: یکساں مناسبت والے الفاظ کی پہچان

ھدایت: نیچے لفافوں پر غلط پتے درج ہیں مثال کے مطابق خالی لفافوں پر صحیح پتے لکھیے۔

کھلاڑی: 1 وقت: 2 منٹ نمبر: 3

| | |
|---|---|
| Stamp<br>چاول، نمکین، لال، اسکول | Stamp<br>گلابی، میٹھا، کتاب، روٹی |
| Stamp<br>کالا، دال، بستہ، کھٹا | Stamp<br>گھنٹی، کڑوا، سبزی، ہرا |

**مثال:**

| | |
|---|---|
| Stamp<br>لال، کالا، گلابی، ہرا | Stamp |
| Stamp | Stamp |

# (۸۱) مناسب جوڑیوں کی ریل بنائیں

**مقصد:** الفاظ کی نہایت موزوں جوڑیوں کی پہچان

**ھدایت:** یہاں چھ چھ الفاظ کی چھ قطاریں دی گئی ہیں ہر قطار میں دیسے تو تمام الفاظ کا آپس میں تعلق ہے مگر ان میں دو لفظ ایسے ہیں جن کا آپس میں گہرا ربط ہے یعنی ایک چیز گویا دوسری چیز سے جڑا ہوا حصہ ہے۔ مثال کے مطابق ایسے الفاظ کا انتخاب کیجیے اور خانوں میں لکھیے۔

**کھلاڑی:** 1　　**وقت:** 3 منٹ　　**نمبر:** 6

**مثال:**

انگلی
آنکھ
ناک
ہاتھ
پیٹ
گردن

| | |
|---|---|
| انگلی | ہاتھ |

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
|---|---|---|---|---|---|
| (۱) ناک | (۱) دانت | (۱) سر | (۱) پاؤں | (۱) ہاتھ | (۱) پاؤں |
| (۲) کان | (۲) ہاتھ | (۲) ناخن | (۲) سر | (۲) ناک | (۲) ہاتھ |
| (۳) پلک | (۳) ناک | (۳) دانت | (۳) آنکھ | (۳) کلائی | (۳) گھٹنا |
| (۴) انگوٹھا | (۴) مسوڑھا | (۴) انگلی | (۴) بال | (۴) کان | (۴) کان |
| (۵) آنکھ | (۵) پلک | (۵) کان | (۵) ہاتھ | (۵) سر | (۵) آنکھ |
| (۶) ہاتھ | (۶) کان | (۶) آنکھ | (۶) ناک | (۶) پاؤں | (۶) سر |
| | | | | | |

# (۸۲) ایک دوجے کے لئے

**مقصد:** چیزیں اور ان کے ذرائع کی مناسبت سے الفاظ کی موزوں جوڑیوں کی پہچان

**ہدایت:** یہاں پانچ پانچ الفاظ کی چھ قطاریں دی گئی ہیں۔ ہر قطار میں دو لفظ ایسے ہیں جن میں ایک لفظ ذریعے کی حیثیت رکھتا ہے تو دوسرا پیداوار کی مثلاً ہم ایک فہرست میں ریشم، دودھ، کپڑا، کتاب اور قلم کو لیں تو ریشم ذریعہ ہے کپڑے کا لہٰذا اس فہرست سے ریشم اور کپڑے کو الگ سے لکھنا ہوگا۔

**کھلاڑی:** 1 **وقت:** 3 منٹ **نمبر:** 6

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
|---|---|---|---|---|---|
| دودھ | لوہا | کاغذ | لکڑی | مٹی | سونا |
| سالن | کتاب | قلم | کپڑا | لکڑی | کپڑا |
| شربت | ہتھیار | کتاب | کتاب | اینٹ | کاپی |
| دہی | زیور | شربت | کرسی | پتھر | زیور |
| دوا | کپڑا | میز | قلم | کپڑا | شربت |

# (۸۳) غیر کو باہر نکالو

مقصد: گروہ سے میل نہ کھانے والے لفظوں کی پہچان

ھدایت: ☆ذیل میں دیئے ہوئے گروہ میں سے ہر ایک میں ایک لفظ غیر ہے اس کی پہچان کر کے خالی خانوں میں لکھئے

☆اس کھیل کو دو کھلاڑی باری باری کھیلیں گے۔ ہر ایک لفظ کے لئے آدھا منٹ اور ایک نمبر مقرر ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | شیر، اونٹ، کبوتر، چیتا، ہاتھی | |
| 2 | دیوالی، ہولی، عید، کرسمس، منگل | |
| 3 | امرود، انگور، بیگن، سیب، آم | |
| 4 | مولی، گاجر، آلو، لوکی، انار | |
| 5 | ہاتھی، طوطا، بلبل، کوا، فاختہ | |
| 6 | اتوار، پیر، منگل، بدھ، مئی | |
| 7 | چاقو، بس، اسکوٹر، کار، موٹر، سائیکل | |
| 8 | مستطیل، کرسی، زاویہ، مثلث، مربع | |
| 9 | آنکھ، کان، ناک، ذائقہ، دانت | |
| 10 | ہاکی، بلا، فٹ بال، کرکٹ، پھول | |
| 11 | بانسری، ہارمونیم، ستار، کلہاڑی، ڈھولک | |
| 12 | سونا، چاندی، تانبہ، لوہا، آلو | |
| 13 | مصور، موسیقار، سنگتراش، تصویر، فلمکار | |
| 14 | گھنٹہ، منٹ، سیکنڈ، کتاب، دن | |

# (۸۴) مہمان کون؟

مقصد: غیر متعلق لفظ کو ڈھونڈھنا

ھدایت: نیچے لفظوں کے کنبے ہیں ان میں ایک مہمان آیا ہوا ہے اس کو ایک الگ کمرے میں ٹھہراؤ۔ دو بچے اس کھیل کو کھیلیں۔ ایک مہمان کو کمرے تک پہنچانے کے لئے ایک نمبر۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ندی | چاند | نالہ | سمندر | |
| 2 | چمپا | موگرا | آم | گلاب | |
| 3 | گھوڑا | اونٹ | ہاتھی | موٹر | |
| 4 | ریشم | اون | سوت | چاندی | |
| 5 | مدرسہ | دواخانہ | ڈاک خانہ | درخت | |
| 6 | گاجر | مولی | سیب | شلجم | |
| 7 | لکڑی | لوہا | پیتل | چاندی | |
| 8 | ٹی وی | ٹیلی فون | ریفریجریٹر | ریڈیو | |
| 9 | دل | دماغ | جگر | انگلی | |
| 10 | میز | مکان | کرسی | پلنگ | |
| 11 | جوار | گیہوں | چنا | چاول | |
| 12 | بوٹ | چپل | سینڈل | کوٹ | |
| 13 | کنواں | تالاب | جھیل | پہاڑ | |
| 14 | اینٹ | پتھر | مٹی | پھول | |
| 15 | پالک | میتھی | گوشت | گوبھی | |

# (۸۵) تمہیں بھی کچھ کہنا ہے

مقصد: معنوی مناسبت کے اعتبار سے الفاظ کے سلسلے کی پہچان

ہدایت: مثال کے مطابق ایک بچہ کوئی لفظ بولے گا اور دوسرے بچے سے اس تعلق سے سوال کرے گا دوسرا بچہ جواب دے گا اور پھر تیسرے بچے سے سوال کرے گا۔ جو بچہ مناسب جواب دے نہیں پائے گا وہ کھیل سے خارج ہو جائے گا۔ چوتھے بچے کو تمام جوابات ایک ہی سانس میں کہنے ہوں گے اور اگلے بچے سے کوئی سوال کرنا ہوگا۔

کھلاڑی: 4 سے زیادہ وقت: ایک باری کے لئے 4 منٹ نمبر: ہر صحیح جواب کے لیے 1

## مثال:

پہلا بچہ: آسمان پر چاند، چاند میں کیا؟

دوسرا بچہ: نور، نور سے کیا؟

تیسرا بچہ: ٹھنڈک

چوتھا بچہ: آسمان پر چاند، چاند میں نور، نور سے ٹھنڈک، پیڑ پر پھل، پھل سے ؟

1 پیڑ پر پھل

2 کھیت میں سانپ

3 موم سے شمع

# (۸۶) چھ خاندان

**مقصد:** مختلف جانداروں اور ان کے متعلقہ لفظوں کی پہچان

**ھدایت:** نیچے جدول میں چھ جانداروں کے نام اور ان سے متعلق دو دو لفظ دیئے گئے ہیں۔ مثال کے مطابق ان کے گروپ بنائیے۔

**مثال:**

کتا　　پلا　　ٹیڑھی دم

بھیڑ　　بلونگڑا　　سینگ　　پنجہ
مرغی　　سنپولا
باچھا　　گھونسلا
گائے　　اون　　زہر
پر　　سانپ　　ہاتھی
چوزہ　　دانت
بلی　　بچھڑا　　مینا

# (۸۷) ایک سے بہت

**مقصد:** واحد جمع بنانا

**ھدایت:** نیچے خانوں میں ہر ایک لفظ واحد کا پہلا اور آخری حرف دیا گیا ہے۔ اس کو پورا کر کے اس کے سامنے خالی خانوں میں جمع لکھیے۔

**کھلاڑی:** 2 **وقت:** 12 **نمبر:** 12


## پہلا کھلاڑی،

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | | ب | | | |
| خ | | ر | | | |
| د | | ر | | | |
| ش | | ر | | | |
| غ | | ر | | | |
| آ | | ت | | | |
| غ | | ط | | | |
| ق | | ر | | | |
| ش | | | ف | | |
| ن | | | د | | |
| م | | | | م | |
| ح | | | | ت | |

## دوسرا کھلاڑی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ز | | ر | | | |
| ش | | ر | | | |
| س | | ق | | | |
| ن | | ص | | | |
| ا | | ر | | | |
| س | | ر | | | |
| د | | | ل | | |
| غ | | | ب | | |
| ا | | | ب | | |
| ق | | | | ن | |
| ہ | | | | ت | |
| ر | | | | ت | |

# (۸۸) سورج اور موتی




**مقصد:** سابقوں کی مدد سے الفاظ بنانا

**ھدایت:** مثال

معلوم، زندگی، پوشاک، ہموار، کھیت، پسند، باغ، پاک


| | | | |
|---|---|---|---|
| نامعلوم | ناہموار | ناپسند | ناپاک |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

مثال میں "نا" کا سورج چمک رہا ہے اس کے نیچے کنکر اور موتی پڑے ہیں۔ شعائیں پڑتی ہیں تو صرف موتی چمک اٹھتے ہیں۔ اور ان کے نئے روپ سامنے آتے ہیں صرف "معلوم، ہموار، پسند، پاک" ہی موتی ہیں جو "نا" کی شعاعیں پا کر نئے روپ دکھا رہے ہیں۔ ان کے نئے روپ کو خانوں میں لکھ دیا گیا ہے۔

نیچے مختلف سورج ہیں اور مختلف موتی۔ موتیوں کے نئے نئے جلووں کو خانوں میں لکھئے۔

**کھلاڑی:** 5　　**وقت:** 2 منٹ　　**نمبر:** ایک لفظ کے لیے 1





دل، اعتبار، حاضر، سمندر، ستارے، محفوظ، ملکی، ناداں، ضروری

کھلاڑی الف

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

کھلاڑی ب


| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |




II

مدرسہ، مزاج، مجلس، پوشاک، دل، کتب تحریر، خط، عادت، خصلت


کھلاڑی الف کھلاڑی ب




III

تحریر، فلک، علم، فضل، بیماری، دوا، علاج، شریک، اہتمام، جواب


الف ب




IV

گو، انتظار، چشم، دل، باطن، دیدہ، موت، کلام، حکایت

الف ب





V

ملک، بیاں، انتظار، جماعت، مزاج، کلام، جہاں، زباں

الف ب

# (۸۹) الفاظ کا ترازو

**مقصد:** قافیے کی پہچان




تصویر2　　　　تصویر1

**ھدایت:** تصویر میں ترازو کے دونوں پلڑوں میں ایک وزن کے دو لفظ ہیں لیکن تصویر2 میں پلڑے برابر نہیں ہیں اس ترازو کے وزن کو برابر کرنے کے لئے یا تو لفظ "ترقی" کی جگہ "نام" یا کوئی اور ہم وزن لفظ رکھنا ہے یا "شام" کی جگہ "گرمی" جیسا کوئی لفظ۔

اپنے الفاظ کے کالم سے ایک لڑکا ایک لفظ کہے گا اور دوسرے لڑکے کو اپنے کالم سے اس کا ہم وزن لفظ کہنا ہوگا۔

ایک لفظ کے لئے وقت 5 سیکنڈ　　اور نمبر 1

کھلاڑی "A" کے الفاظ کا بینک

| | | |
|---|---|---|
| آگ | کام | سنگ |
| شور | حساب | بندگی |
| ضرورت | زار | واہ |
| در | جنگ | آنا |
| سماج | وطن | ناصر |
| تن | کبھی | سلام |


کھلاڑی "B" کے الفاظ کا بینک

| | | |
|---|---|---|
| کتاب | کدورت | راگ |
| دام | بر | زنگ |
| رواج | رنگ | زور |
| نار | زندگی | جانا |
| آہ | من | چمن |
| تبھی | حاظر | کلام |

# (۹۰) بھول بھلیوں کی سیر

مقصد: صفتی الفاظ سے ایک ہی طرح بننے والے اسما بنانا۔

ھدایت: بھول بھلیوں میں چند الفاظ دیئے گئے ہیں صحیح راستے سے باہر نکلئے اور راستے میں پائے گئے چھ صفات سے بننے والے چھ اسما لکھیے۔



# (۹۱) وہ کیسی ہے؟

مقصد: صفات کی پہچان اور جملوں میں استعمال

ھدایت: نیچے جدول میں چند صفتی جملے دیئے گئے ہیں ان جملوں میں صفات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ ان پر غور کرتے ہوئے مثال کے مطابق نئے جملے بنایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مثال1 | وہ لڑکی خوبصورت ہے | 1 | وہ دیکھنے میں اچھی لگتی ہے |
| مثال2 | وہ ذہین ہے | 2 | وہ باتیں جلد سمجھتی ہے |

2 کھلاڑی باری باری سے یہ کھیل کھیلیں گے۔ ایک جملے کے لئے وقت 1 منٹ اور نمبر 1

# (۹۲) کھائیے یا ماریئے

**مقصد:** "کھانا" یا "مارنا" کے استعمال سے مرکب افعال بنانا

**ھدایت:** نیچے جدول میں کچھ الفاظ دیئے گئے ہیں جن میں سے کچھ کے ساتھ "مارنا" جوڑ کر صحیح مرکب لفظ بنایا جاسکتا ہے تو کچھ کے ساتھ "کھانا" جوڑ کر ایک کھلاڑی پہلے ایک لفظ لے کر اس کے ساتھ صحیح فعل جوڑ کر مرکب لفظ بنائے گا پھر اس مرکب لفظ کو جملے میں استعمال کرے گا۔ یہ کھیل دو کھلاڑی باری باری سے کھیلیں گے۔

**وقت:** 2 منٹ ایک مرکب لفظ اور جملے کے لئے **نمبر:** ایک مرکب لفظ کے لئے 2 اور ایک جملے کے لئے 3


| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خار | گپ | خوف | حق | غش | دل | |
| پلک | رشوت | دم | دھوکہ | گردن | غم | |
| ہاتھ | آنکھ | ہوا | ہاتھ پاؤں، مات | ترس | | |
| | پھونک | | گالی | | | |

# (۹۳) بند کریں

**مقصد:** مرادی معنوں والے الفاظ کی پہچان


**هدایت:** ہر تصویر کو بائیں جانب دیئے گئے الفاظ کے ساتھ مناسب اعتبار سے جوڑ کر صحیح محاورہ بنایئے اور الگ لکھئے


**کھلاڑی:** 2 **وقت:** 3 منٹ **نمبر:** 6

1  1 کا تارا

2  2 کا ٹکڑا

3  3 کا بال

4  4 کا بینگن

5  5 کا کیڑا

6  6 کے آنسو

محاورے




| | | |
|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 |

# (۹۴) ابھی تھی تصویر ابھی ہے لفظ

مقصد: محاوروں کی پہچان

ھدایت: محاوروں کا کچھ حصہ تصویروں میں دیا گیا ہے ان تصویروں کی جگہ الفاظ لکھ کر محاوروں کو مکمل کرنا ہے اور خانوں میں لکھنا ہے۔

کھلاڑی: 2 وقت: 4 منٹ نمبر: 4

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 |  | چلنا | |
| 2 |  | کھڑکنا | |
| 3 |  | لے کر ڈھونڈنا | |
| 4 |  | کی طرح تڑپنا | |
| 5 |  | گننا | |
| 6 |  | کے کپا ہونا | |
| 7 | دروازے پر  | جھومنا | |
| 8 | نام  | پر چڑھانا | |

# (۹۵) مجھے اپنا مقام چاہیے

**مقصد:** موزوں لفظ سے محاورہ مکمل کرنا

**ہدایت:** صحیح لفظ چن کر محاورہ مکمل کیجیے۔

دو کھلاڑی باری باری سے کھیلیں گے　　نمبر: 10　　وقت: 10 منٹ

| | | |
|---|---|---|
| 1 | آپے سے.................ہونا | (اندر باہر اوپر) |
| 2 | پانی.................جانا | (گھر پھر مر) |
| 3 | تھک کر.................ہو جانا | (چور مور حور) |
| 4 | درہم.................کرنا | (گرم برہم نرم) |
| 5 | صبر کا پیمانہ.................ہو جانا | (زرخیز لب ریز دردخیز) |
| 6 | باغ باغ................. | (ہونا رونا کھونا) |
| 7 | آنکھیں.................ہونا | (سات چار آٹھ) |
| 8 | .................چرانا | (ناک کان آنکھ) |
| 9 | دانت.................کرنا | (نمکین کھٹے میٹھے) |
| 10 | .................پر پتھر رکھنا | (ہاتھ پیر چھاتی) |

# (۹۶) لفظوں سے محاورے

**مقصد:** لفظوں کی مدد سے محاورہ مکمل کرنا

**ھدایت:** صحیح لفظ چن کر محاورے کا استعمال کرتے ہوئے جملہ مکمل کیجئے۔

**کھلاڑی:** 2 **وقت:** 3 منٹ **نمبر:** 6

**الفاظ**

| | | | |
|---|---|---|---|
| خون | چار | تارے | بال |
| پانی | جال | اینٹ | جانا |
| آب | دام | شام | ناک |

1 اقبال رات بھر.................. گنتا رہا

2 غریبوں کے ساتھ بے انصافی ہوتے دیکھ کر خالد کی آنکھوں میں.................. اتر آیا۔

3 میں.................. سے اینٹ بجادوں گا مگر اپنا حق لے کر رہوں گا۔

4 جناب آپ کی ضد نے تو.................. میں دم کر دیا۔

5 آپ نے ساری محنت پر.................. پھیر دیا۔

6 کار کے حادثے میں عامر.................. بال بچ گیا۔

# (۹۷) اعضا میں چھپے محاورے

**مقصد:** انسانی اعضا سے متعلق محاوروں کی پہچان

**ھدایت:** موزوں اعضا کے ناموں کے استعمال سے محاورے مکمل کیجئے۔

**کھلاڑی:** 1　**وقت:** 6 منٹ　**نمبر:** 12

1 ................ بچھانا

2 ................ صاف کرنا

3 ................ زمین پر نہ رکھنا

4 ................ اٹھانا

5 ................ باندھنا

6 ................ کٹنا

7 ................ پیسنا

8 ................ پر جوں نہ رینگنا

9 ................ دکھانا

10 ................ سی لینا

11 ................ چلانا


12 ................ تھام لینا

# (۹۸) ہم دو ہو کر بھی ایک ہیں

مقصد: محاورہ اور معنی کی پہچان

ہدایت: بھول بھلیوں میں ایک محاورہ اور اس کے معنی پوشیدہ ہیں۔ ان کو تلاش کیجیے۔

ملاڑی: 1 وقت: 2 منٹ نمبر: 4




محاورہ ..........................................................

معنی ..........................................................

# (۹۹) اپنوں کا اپنوں سے ملن

مقصد: محاوروں کے معنی کی پہچان

ہدایت: محاوروں کو ان کے صحیح معنی سے ملاتے ہوئے معنی کے صرف حرف کو خانوں میں لکھیے۔

کھلاڑی: 1　　وقت: 10 منٹ　　نمبر: 10

| | محاورے | | معنی | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جان چھڑانا | (ا) | تڑپنا　بے قرار ہونا | | |
| 2 | پالا پڑنا | (ب) | پیچھا چھڑانا | | |
| 3 | ناک میں دم کرنا | (پ) | واسطہ پڑنا | | |
| 4 | آڑے ہاتھوں لینا | (ت) | اپنا مطلب نکالنا | | |
| 5 | اپنا الو سیدھا کرنا | (ٹ) | برا بھلا کہنا | | |
| 6 | آگ میں لوٹنا | (ث) | پریشان کرنا | | |
| 7 | جی کی جی میں رہنا | (ج) | جلد باز ہونا | | |
| 8 | ہوا پر سوار ہونا | (چ) | دل کی حسرت کا دل میں ہی رہنا | | |
| 9 | خار کھانا | (ح) | تلاش میں رہنا | | |
| 10 | تاک میں رہنا | (خ) | حسد کرنا | | |

# (۱۰۰)　تین سے ایک تک

**مقصد:** محاوروں کے معنوں کی پہچان

**هدایت:** محاوروں کے صحیح معنی تلاش کیجیے

**کھلاڑی:** 1　　**وقت:** 5 منٹ　　**نمبر:** 10

| | | |
|---|---|---|
| 1 | اینٹ سے اینٹ بجانا | تباہ و برباد کرنا<br>دوڑ دھوپ کرنا<br>شور مچانا |
| 2 | بال کی کھال نکالنا | باریکیاں نکالنا<br>خوش ہونا<br>پیچیدہ ہونا |
| 3 | پانی پھر جانا | تباہ و برباد ہونا<br>محنت بیکار جانا<br>غصہ ڈھنڈا ہونا |
| 4 | پروانہ ہونا | فائدہ مند ہونا<br>عاشق ہونا<br>پروانہ کرنا |
| 5 | چراغ پا ہونا | دھوکے میں رہنا<br>غصہ ہونا<br>مقبول ہونا |


# (۱۰۱) تصویروں سے محاورے

**مقصد:** تصویروں کی مدد سے محاورے مکمل کرنا

**ھدایت:** تصویروں کی مدد سے محاورے اور جملے مکمل کیجئے۔


**کھلاڑی:** 2 **وقت:** 5 منٹ **نمبر:** 10











1 سلطانہ بیگم ؟ وہ تو ناک پر.................... نہیں بیٹھنے دیتیں مسکرانا کیا جانیں گی۔

2 آپ تشریف لے آئے، ہماری محفل میں چار.................... لگ گئے، ہمیں اور کچھ نہیں چاہئے۔

3 عقیلہ کو پڑھنے کا بے حد شوق تھا، کچھ لوگ تو اسے کتاب کا.................... کہتے تھے۔

4 اپنے مطلب کی چیز نہ ملے تو.................... کھٹے ہیں کہنا کچھ لوگوں کی عادت ہوتی ہے۔

5 جمن میاں اور سخاوت ؟ یہ تو پتھر میں.................... لگنے والی بات ہے۔

# (۱۰۲) چوزے، چوہے، چاند، ستارہ

مقصد: محاورے کی پہچان

ھدایت: موزوں الفاظ کے انتخاب سے ذیل کے پیراگرافوں کے محاورے مکمل کیجئے

کھلاڑی: 1　　وقت: 2 منٹ　　نمبر: 4

1　شبنم ایک پیاری سی بچی تھی۔ نہایت چست و چالاک اور محنتی۔ اس کی بھولی بھالی صورت دیکھ کر سب اسے پیار سے "گڑیا" کہتے تھے۔ وہ باتیں بھی بڑی پیاری پیاری کرتی کبھی کبھی کچھ غلط بھی کہہ دیتی۔ آخر بچی تھی۔ مثلاً ایک دن وہ جیسے ہی اسکول سے آئی اپنی ماں سے کہنے لگی "امی! جلدی سے کھانے کو کچھ دو میرے پیٹ میں چوزے دوڑ رہے ہیں" اس کی ماں مسکرائیں اور پیار سے بولیں بیٹا جب بہت بھوک لگے تو پیٹ میں............ دوڑ رہے ہیں، کہا جاتا ہے۔

(۱) خرگوش　(۲) چوہے　(۳) گھوڑے

2　شہاب بہت اچھا لڑکا تھا مگر کسی قدر تنہائی پسند۔ کتابوں سے اسے عشق تھا۔ لوگوں سے زیادہ ملنے جلنے سے وہ کتراتا تھا۔ بہت دن بعد وہ اپنے دوستوں سے ملنے گیا تو وہ کہہ اٹھے "یار! تم تو عید کا............ ہو گئے ہو"۔

(۱) سورج　(۲) ستارہ　(۳) چاند

# (۱۰۴) گلشن گلشن باغ باغ

مقصد: محاورے کی پہچان

ہدایت: درج ذیل پیراگراف ایسے محاوروں کے استعمال سے مکمل ہوتے ہیں جن میں الفاظ کی تکرار ہے غور کر کے مناسب الفاظ چنئے اور صحیح محاورہ بنائیے۔

کھلاڑی: 2　　　وقت: 4 منٹ　　　نمبر: 4

1 　بلو ایک اچھا بچہ تھا۔ بہت خوبصورت اور نہایت ذہین۔ جو بھی اسے دیکھتا یا اس کی باتیں سنتا متاثر ہوئے بغیر نہ رہتا۔ دوسرے بچوں کی طرح اسے بھی کھیلوں سے بہت دلچسپی تھی۔ اسکول کے مختلف کھیلوں میں اسے انعام پاتے دیکھ کر اس کے ماں باپ خوشی سے پھولے نہ سمائے پھر جب وہ سالانہ امتحان میں اپنے کلاس میں اول آیا تو اس کے ماں باپ کا دل.................. ہو گیا۔

(۱) گلشن گلشن　　(۲) باغ باغ　　(۳) چمن چمن

2 　پنکی بہت شریر لڑکی تھی۔ بچپن ہی سے اسے شعر و شاعری سے بڑا لگاؤ تھا۔ کلاس روم میں بورڈ پر ہر صبح چپکے سے ایک شعر لکھ دینا اس کا مشغلہ تھا، سب حیران تھے کہ اتنے پیارے پیارے شعر کون لکھتا ہے۔ آخر ایک دن اس کی چوری پکڑی گئی تو وہ شرم سے.................. ہو گئی مگر ٹیچر نے اسے شاباشی دی اور اس کا حوصلہ بڑھایا کہ شعر گوئی خداداد صلاحیت ہے۔

(۱) دودھ دودھ　　(۲) شربت شربت　　(۳) پانی پانی

# (۱۰۴) کہانی اور موزوں محاورہ

مقصد: موزوں محاورے والے فقرے کی پہچان

ہدایت: ذیل کے پیراگرافوں کی مناسبت سے محاورے والے فقرے چنیے۔

کھلاڑی: 1 وقت: 4 منٹ نمبر: 4

2 دور جنگل میں برگد کے پیڑ کے نیچے بہت سے پرندے آکر اکٹھا ہوئے۔ ان سب نے مل کر سوچا کہ کیوں نہ آج ہم سب مل کر تفریح کریں۔ ان پرندوں میں کوئل، بلبل، چڑیا، طوطا، اور مینا تھی۔ مینا نے ناچنا شروع کیا کوئل نے گیت سنایا چوں چوں کر کے چڑیا بھی ناچی کوے نے ڈھول بجایا اور مست ہو کر بندر بھی ناچا۔ اس تماشے کو دیکھ کر ہم بے اختیار کہہ اٹھے۔

(ا) واہ کیا دھوم مچائی کوئل نے

(۲) واہ کیا جنگل میں منگل ہے

(۳) واہ کیا دانت دکھائے طوطے نے

2 وہ اس شہر میں نیا نیا آیا تھا۔ اس نے دیکھا کہ یہاں کے لوگ اپنے آپ میں مست ہیں اکثر وقت اپنی دکانیں بند رکھتے ہیں۔ دفتروں میں کوئی کام وقت پر ہوتا نہیں راہ چلتے وہ کسی سے کوئی پتا پوچھتا ہے تو کوئی بتاتا نہیں اس نے سوچا۔

(ا) یہ شہر کتنا عجیب وغریب ہے

(۲) یہاں کا تو باوا آدم ہی نرالا ہے

(۳) شہر سے گاؤں ہی بھلے۔

# (۱۰۵) الفاظ کی جگہ ہندسے

مقصد: الفاظ کے صحیح املا کی پہچان

ہدایت: دیئے گئے جملوں میں ہندسوں کی جگہ الفاظ لکھ کر بامعنی جملے بنائیے۔

کھلاڑی: 1 وقت: 5 منٹ نمبر: ایک لفظ کے لئے 1

مثال: ۹شاہ = نوشاہ

1 میرے 2 ست نے کل 13 پتہ پوچھا تھا۔

2 آم کا 41 بہت اچھا ہے۔

3 اس جملے کو 12,2 پڑھو۔

4 ایسی 6ڑ چھاڑ اچھی نہیں ہوتی۔

5 بر7 میں 13 کام کیسے بنے گا؟

6 چلو ہٹو 32ی نہ دکھاؤ۔

7 ابا جان نے 2کان سے 100دا خریدا۔

8 10 ترخوان چن دیا مگر 9اب صاحب کی 12 دری اب تک خالی ہے۔

9 آپ کو م3 کی بے4 گی پر ترس آگیا۔

10 یہ تمہاری 10 ترس سے باہر ہے اور میں لا4 ہوں۔

# (۱۰۶) کوزے میں دریا

مقصد: صحیح لفظ لکھ کر جملہ بنانا

ھدایت: یہاں کچھ جملے دیئے گئے ہیں جن میں کچھ الفاظ کی جگہ صرف حروف دیئے گئے ہیں۔ مثال کے مطابق ان حروف کو جملے کی مناسبت سے الفاظ میں ڈھالیے۔

کھلاڑی: 1 وقت:2منٹ نمبر:5

**مثال**

تم نے "ب کار" ہی ریل سے سفر کیا

تم نے بے کار ہی ریل سے سفر کیا

1 رئیس احمد کے ب ٹ کو پن ڈ سے کیوں نکالا گیا؟

2 عینک لگا کر غور ث دیکھو کہیں آٹ میں کی ڑ تو نہیں پ ڑ ہیں؟

3 ریت کے ذروں سے ت را کیا کام؟

4 قان کے خلاف کوئی کام نہیں کرنا چاہئے۔


5 کل اس ل نگر سے احمد د لے آیا۔

# (۱۰۷) پھل چنئے

**مقصد:** جملوں کو مکمل کرنا

**ھدایت:** ٹوکری سے موزوں پھل کا لفظ چن کر جملہ مکمل کیجئے۔ایک پھل کا نام صرف ایک بار ہی آنا چاہئے۔

**کھلاڑی:** 1 **وقت:** ایک جملے کے لئے 1 منٹ **نمبر:** ایک جملے کے لیے 1




1 ............... پھلوں کا راجہ ہوتا ہے۔

2 ............... جیسے دانت بہت خوبصورت ہوتے ہیں۔

3 ............... نارنگی جیسی ہوتی ہے مگر اس کا چھلکا اتنی آسانی سے نہیں نکلتا۔

4 ............... کے اندر پانی کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے۔

5 ............... باہر سے کدو جیسا لگتا ہے مگر اندر سے بہت نرم ہوتا ہے۔

6 ............... بیج سمیت کچا بھی کھایا جاسکتا ہے اور پکا بھی۔

7 ............... کو سکھا کر منقی بنائی جاتی ہے۔

8 عام طور پر ............... کے پیڑ چھتری جیسے ہوتے ہیں۔


9 ............... کچا سبزی کے کام آتا ہے اور پکا ہوا پھل بن جاتا ہے۔

# (۱۰۸) مجھ کو سمیٹیے

مقصد: بکھرے ہوئے الفاظ کو ترتیب دے کر جملہ بنانا

ہدایت: اس گلدستے میں دس پھول ہیں اور ان سب میں ایک جملے کے الفاظ بکھرے ہوئے ہیں۔ ان الفاظ کو ترتیب دے کر ایک بامعنی جملہ بنایئے۔

کھلاڑی: 2 وقت: 3 منٹ نمبر: 5



# (۱۰۵) لفظ لفظ سے زور

**مقصد:** جملے میں الفاظ کا تکرار کے ساتھ استعمال

**ہدایت:** مثال کے مطابق ایک لفظ کو دو بار استعمال کر کے دو بچے جملے بنانے کا کھیل کھیلیں گے۔ جو کھلاڑی اپنے جدول سے موزوں تکراری لفظ لے کر دو منٹ میں ایک جملہ پورا کرے گا اسے 2 نمبر ملیں گے۔ ایک کھلاڑی اپنی باری میں اگر جملہ نہیں بنا سکا تو دوسرا کھلاڑی بنائے گا اور اسے بونس کے نمبر ملیں گے۔

**مثال:** قدم قدم پر خطرہ ہے۔

### کھلاڑی 1

| | | | |
|---|---|---|---|
| گلی | ٹہنی | گلی | ٹہنی |
| ذرہ | پتہ | ذرہ | پتہ |
| کھیل | گلشن | کھیل | گلشن |
| بچہ | در | بچہ | در |

1 ...... ...... میں شور ہے۔
2 ...... ...... جھوم رہی ہے۔
3 ...... ...... روشن ہے۔
4 ...... ...... میں سیکھا ہے۔
5 ...... ...... بہار ہے۔
6 ...... ...... جانتا ہے۔
7 ...... ...... بھٹکا ہے۔
8 ...... ...... ہرا ہے۔

### کھلاڑی 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| قطرہ | چپہ | قطرہ | چپہ |
| محفل | لمحہ | محفل | لمحہ |
| گھر | کلی | گھر | کلی |
| شجر | لہر | شجر | لہر |

1 ...... ...... سمندر ہے۔
2 ...... ...... عزیز ہے۔
3 ...... ...... روشنی ہے۔
4 ...... ...... اہم ہے۔
5 ...... ...... چرچا ہے۔
6 ...... ...... نکھار ہے۔
7 ...... ...... سایہ ہے۔
8 ...... ...... روانی ہے۔


# (۱۱۰) تصویری جملے



مقصد: تصویروں کی مدد سے جملے پورے کرنا


ھدایت: دیئے گئے جملوں میں دو دو تصویریں ہیں اور ایک ایک خالی خانہ۔ مثال کے مطابق تصویروں کو الفاظ میں ڈھال کر خانوں میں متضاد الفاظ لکھئے۔


کھلاڑی: 1 وقت: ایک جملے کے لیے 1 منٹ نمبر: ایک جملے کے لیے 1

مثال:

 آگ گرم ہے۔ لیکن  [ ٹھنڈی ] ہے

1  کھلا ہے۔ لیکن  [ ] ہے

2  بڑا ہے۔ لیکن  [ ] ہے

3  اونچا ہے۔ لیکن  [ ] ہے

4  موٹا ہے۔ لیکن  [ ] ہے


5  سخت ہے۔ لیکن  [ ] ہے

# (111) کس چیز کی بنی ہیں؟


مقصد: تصویروں کی مدد سے جملے پورے کرنا


ہدایت: ذیل میں ہر ایک تصویر کے سامنے خالی خانوں میں ان چیزوں کے نام کے حروف لکھئے جن سے وہ بنی ہیں اور تصویروں کے نام لکھتے ہوئے جملے الگ سے لکھئے۔


کھلاڑی: 1 وقت: 9 منٹ نمبر: 9


1  سے بنا ہے۔


2  سے بنی ہے۔


3  سے بنی ہے۔

4  سے بنی ہے۔

5  سے بنی ہے۔

6  سے بنی ہے۔

7

سے بنا ہے۔

8

سے بنی ہے۔

9

سے بنی ہے۔

# (۱۱۲) کہاں رہتے ہیں؟

**مقصد:** تصویروں کی مدد سے جملے پورے کرنا

**ہدایت:** ذیل میں ہر ایک جانور کی تصویر کے سامنے خالی خانوں میں ان سے متعلق گھروں کے نام کے حروف لکھیے۔


**کھلاڑی:** 1 **وقت:** 8 منٹ **نمبر:** 8

1  ☐ میں رہتا ہے۔


2  ☐ میں رہتا ہے۔

3  ☐ میں رہتی ہے۔

4  ☐ میں رہتی ہے۔

5  ☐ میں رہتا ہے۔

6  ☐ میں رہتا ہے۔

7  ☐ میں رہتا ہے۔

8  ☐ میں رہتا ہے۔

# (۱۱۳) تصویروں کی زبانی


مقصد: تصویروں کی مدد سے جملے پورے کرنا


ہدایت: ہر ایک تصویر کے سامنے دیے ہوئے خانوں میں موزوں الفاظ کے حروف لکھ کر جملے مکمل کیجیے۔

کھلاڑی: 1　وقت: 6 منٹ　نمبر: 6


1  ______ میں پہنا جاتا ہے۔

2  ____ اور ___ میں استعمال کی جاتی ہے۔

3  ____ اور ____ ہے۔

4  ___ دیتا ہے

5  ___ ہے۔

6  یہ ___ پر چلنے کے لیے ہیں۔

# (۱۱۴) میں کون ہوں؟

مقصد: جملوں کی مدد سے جانوروں کے ناموں کی پہچان

ھدایت: ذیل کے سوالوں اور حروف کی تعداد کے خانوں پر غور کرتے ہوئے الفاظ لکھیے۔

کھلاڑی: 1 وقت: 3 منٹ نمبر: 6

1 میں جنگل کا راجہ ہوں۔ بتاؤ میں کون ہوں

| | | |
|---|---|---|
| | | |

2 میری ناک بہت لمبی ہے۔ اس سے ہاتھ کا کام بھی لیتا ہوں۔ بتاؤ میں کون ہوں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

3 مجھے ریگستان کا جہاز کہا جاتا ہے۔ بتاؤ میں کون ہوں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

4 میرے جسم پر بہت سارے بال ہیں۔ مجھے شہد بہت پسند ہے۔ بتاؤ میں کون ہوں؟

| | | |
|---|---|---|
| | | |

5 میری ناک پر سینگ ہے۔ کھال میری موٹی ہے۔ بتاؤ میں کون ہوں؟

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

6 میں ایک پرندہ ہوں اور میری دم پر خوبصورت سکے ہیں۔ بتاؤ میں کون ہوں؟

| | | |
|---|---|---|
| | | |

# (۱۱۵) کوئی بھی موتی چنیں مالا میں پروئیں

**مقصد:** ہدایت کے مطابق جملے بنانا

**ھدایت:** یہ ایک اجتماعی کھیل ہے۔ مثال کے مطابق ایک بچہ کوئی جملہ کہے گا دوسرا بچہ اس جملے میں موجود کسی بھی لفظ سے اپنے جملے کا آغاز کرے گا تیسرے بچے کو اس جملے کے کسی لفظ سے کوئی جملہ کہنا ہوگا اس طرح یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔

کوئی بچہ اس طرح کا جملہ کہنے میں ناکام رہے گا تو اسے کوئی نمبر نہیں ملے گا، اس کے بجائے اگلے بچے کو اس جملے سے کوئی لفظ لے کر اپنا جملہ کہنا ہوگا۔

**وقت:** ہر جملے کے لیے 1 منٹ **نمبر:** 1

**مثال:**

کھلاڑی نمبر 1: گلاب کا پھول بہت خوبصورت ہوتا ہے۔

کھلاڑی نمبر 2: پھول کوئی بھی ہو مجھے بہت پسند ہے۔

کھلاڑی نمبر 3: مجھے بھی پھول اچھے لگتے ہیں مگر موگرے کی کلیوں کی بات ہی اور ہے۔

کھلاڑی نمبر 4: کلیاں واقعی اچھی ہوتی ہیں انار کلی تو خطاب پڑ گیا تھا ایک خوبصورت رقاصہ کا۔

کھلاڑی نمبر 5: انار میٹھا ہو تو پیاس بجھاتا ہے۔

کھلاڑی نمبر 6: پیاس تو صحیح معنوں میں لیموں سے بجھتی ہے۔

کھلاڑی نمبر 7: لیموں ہی کیوں، ناریل کا پانی کیوں نہیں۔

کھلاڑی نمبر 8: پانی روزانہ سات آٹھ گلاس تو ضرور پینا چاہیے۔

کھلاڑی نمبر 9: روزانہ ہم تین بار کھاتے ہیں، میں سوچتی ہوں کاش ہمیں دن میں صرف ایک بار بھوک لگتی۔

کھلاڑی نمبر 10: بھوک پیاس کی ہی بات نہیں، ہر معاملے میں قدرت نے کچھ سوچ سمجھ کر ہی اصول بنا رکھے ہیں۔

کھلاڑی نمبر 11: قدرت کے راز قدرت ہی جانے۔

# (۱۱٦) جملوں کا کھیل

**مقصد:** مختلف انداز سے جملے بنانے کی صلاحیت پیدا کرنا

**ھدایت:** یہ کھیل دو یا دو سے سے زیادہ ٹیموں کے بیچ کھیلا جائے گا۔ پہلی ٹیم کوئی لفظ مقرر کرے گی دوسری ٹیم اس پر ایک جملہ بنادے گی پھر اسی جملہ سے دوسرا لفظ ٹیم 2-1 کو دے گی اس طرح کھیل آگے بڑھتا رہے گا ایک جملہ کے لئے دو نمبر ایک منٹ۔ جو ٹیم دو منٹ میں جملہ نہیں بنا سکے گی اس کا جملہ دوسری ٹیم بنائے گی اور اسے بونس کے نمبر ملیں گے۔

**مثال:**

ٹیم:1 اسکول

| | |
|---|---|
| | آج اسکول بند ہے |
| بند | بند کمرے میں سخت گرمی پڑتی ہے |
| کمرہ | میرے کمرہ میں دھوپ نہیں آتی |
| دھوپ | آج دھوپ بہت تیز ہے |

# (۱۱۷) جملوں کی زنجیر

**مقصد:** ہدایت کے مطابق جملوں کی زنجیر بنانا

**ھدایت:** مثال کے مطابق ایک بچہ کوئی جملہ کہے گا دوسرا بچہ اس جملے کے آخری لفظ سے کوئی جملہ کہے گا تیسرے بچے کو دوسرے بچے کے جملے کے آخری لفظ سے جملہ بنانا ہوگا اس طرح جملوں کی زنجیر سی بنتی جائے گی۔

**کھلاڑی:** 2یا2 سے زیادہ **وقت:** ہر جملے کے لئے 1منٹ **نمبر:** ایک جملے کے لیے 1نمبر

**مثال:**

کھلاڑی نمبر1: مجھے اپنے باغ کا ایک پھول دو۔

کھلاڑی نمبر2: دو اور دو صرف چار ہوتے ہیں نا؟

کھلاڑی نمبر3: نا دو اور دو بائیس بھی ہو سکتے ہیں کیوں؟

کھلاڑی نمبر4: کیوں نہیں بیٹا تم پکنک پر ضرور جانا۔

کھلاڑی نمبر5: جانا تو میں لائبریری چاہتا ہوں مگر مدرسے کا کیا ہوگا۔

کھلاڑی نمبر6: ہوگا کچھ نہیں، تم گھبراؤ مت۔

کھلاڑی نمبر7: مت جانا وہاں، کہیں بھیڑ میں کھو نہ جاؤ۔

کھلاڑی نمبر8: جاؤ روشن جلدی کام کرو ورنہ جلتی موم بتیاں ختم نہ ہو جائیں۔

کھلاڑی نمبر9: ہو جائیں تو ہو جائیں ہمیں ان کی ناراضگی سے کیا مطلب؟

# (۱۱۸) ایک سے کئی

**مقصد:** پچھلے جملے کے آخری لفظ کی جمع بنا کر نیا جملہ بنانا

**ہدایت:** یہ ایک اجتماعی کھیل ہے۔ایک کھلاڑی کوئی جملہ بولے گا اس جملے کے آخری لفظ کی جمع بنا کر اس لفظ سے دوسرے کھلاڑی کو کوئی جملہ کہنا ہوگا پھر تیسرا کھلاڑی دوسرے کھلاڑی کے جملے کے آخری لفظ کی جمع بنا کر اس لفظ سے جملہ بنائے گا۔اس طرح یہ سلسلہ چلتا رہے گا جو کھلاڑی ایسا کوئی جملہ مقررہ وقت میں نہیں بنا پائے گا وہ کھیل سے خارج ہو جائے گا۔کھیل اس وقت تک چلے گا جب تک صرف دو کھلاڑی نہ رہ جائیں اور وہ پہلے اور دوسرے نمبر پر جیتنے والے کھلاڑی ہوں گے۔

**وقت:** ہر جملے کے لیے 1 منٹ **نمبر:** ہر جملے کے لیے 2

**مثال:**

کھلاڑی نمبر 1: مجھے بہت اچھا لگتا ہے ہرن کا بچہ۔

کھلاڑی نمبر 2: بچے تو بچے ہوتے ہیں بھائی۔

کھلاڑی نمبر 3: بھائیوں میں اتنا اتفاق ہو تو ہو گی ہی تعریف

کھلاڑی نمبر 4: تعریفوں کے اتنے پل نہ باندھیے حضرت

کھلاڑی نمبر 5: حضرات جاگیے، اب تو بہت قریب ہے قیامت

کھلاڑی نمبر 6: قیامتیں تو ہم پر بھی گزر چکی ہیں بہن

کھلاڑی نمبر 7: بہنیں ہوں گی مگر بہت کم دیکھی ایسی محبت

کھلاڑی نمبر 8: محبتوں کا جہاں راج ہو وہاں سے مٹ جاتی ہے نفرت

کھلاڑی نمبر 9: نفرتیں کیسی، محبت میں بڑی طاقت ہوتی ہے

کھلاڑی نمبر 10: ہیں تو ماں بیٹی مگر سہیلیوں کی طرح رہتی ہیں

# (۱۱۹) اضداد کا سلسلہ

مقصد: پچھلے جملے کے آخری لفظ کی ضد بنا کر نیا جملہ بنانا

ھدایت: ایک کھلاڑی کوئی جملہ بولے گا اس جملے کے آخری لفظ کی ضد سے دوسرا کھلاڑی اپنا جملہ شروع کرے گا۔ پھر پہلا کھلاڑی دوسرے کھلاڑی کے جملے کے آخری لفظ کو لے گا اور اس کی ضد بنا کر اپنا جملہ اس لفظ سے شروع کرے گا۔اس طرح یہ سلسلہ چلے گا۔

کھلاڑی: 2 وقت: ہر جملے کے لیے 1 منٹ نمبر: ہر جملے کے لیے 2

مثال:

کھلاڑی نمبر 1: مجھے ایک قلم دو

کھلاڑی نمبر 2: لو یہ قلم اور کمال کے پاس جاؤ

کھلاڑی نمبر 1: آؤ ہم دونوں کچھ دیر باغ میں بیٹھیں

کھلاڑی نمبر 2: اٹھیں گے مگر اندھیرا چھانے سے پہلے

کھلاڑی نمبر 1: بعد گھر جا کر پڑھ لکھ کر سو جائیں

کھلاڑی نمبر 2: جاگیں گے پھر صبح صبح

کھلاڑی نمبر 1: شام کھیلنے میدان کو جائیں۔ ہے نا؟

# (۱۲۰) جملوں کی سیڑھی

**مقصد:** موزوں الفاظ جوڑ کر مختصر جملے کو طویل کرنا

**ھدایت:** یہ ایک اجتماعی کھیل ہے۔ایک کھلاڑی ایک مختصر سا جملہ کہے گا دوسرا کھلاڑی اس میں ایک موزوں لفظ کا اضافہ کرے گا۔اسی طرح تیسرا اور چوتھا کھلاڑی موزوں الفاظ کا اضافہ کرتے ہوئے جملے کو ممکنہ طوالت تک پہنچائے گا اور کھیل ختم ہو جائے گا۔

**وقت:** ایک کھلاڑی کے لیے 10 سیکنڈ **نمبر:** ایک جملے کے لیے 1

**مثال:** میں کھاتا ہوں

| |
|---|
| میں خوبانی خوب پانی سے دھو کر چبا کر کھاتا ہوں |
| پانچواں کھلاڑی |
| میں خوبانی پانی سے دھو کر کھاتا ہوں |
| چوتھا کھلاڑی |
| میں خوبانی دھو کر کھاتا ہوں |
| تیسرا کھلاڑی |
| میں خوبانی کھاتا ہوں |
| دوسرا کھلاڑی |
| میں کھاتا ہوں |
| پہلا کھلاڑی |

# (۱۲۱) بڑھائے جاؤ

**مقصد:** الفاظ جوڑ کر جملوں میں اضافہ کرنا

**هدایت:** یہ ایک اجتماعی کھیل ہے۔ ہر ایک کھلاڑی ایک جملے میں ایک یا ایک سے زیادہ لفظ کا اضافہ کر کے جملے بناتا جائے گا۔ جو کھلاڑی اپنی باری میں جملہ نہیں بنا سکے گا اگر وہی جملہ دوسرا کھلاڑی بنادے تو اسے بونس کے نمبر ملیں گے۔

**وقت:** ایک جملے کے لیے 10 سیکنڈ **نمبر:** ایک جملے کے لیے 1

**مثال:**

پہلا کھلاڑی: میں پڑھتا ہوں

دوسرا کھلاڑی: میں کتاب پڑھتا ہوں

تیسرا کھلاڑی: میں روزانہ کتاب پڑھتا ہوں

چوتھا کھلاڑی: میں مدرسہ میں روزانہ کتاب پڑھتا ہوں

پانچواں کھلاڑی: میں مدرسہ میں روزانہ ماسٹر صاحب سے کتاب پڑھتا ہوں

چھٹا کھلاڑی: میں مدرسے میں روزانہ ماسٹر صاحب سے دوسری گھنٹی میں کتاب پڑھتا ہوں۔

مثال کے مطابق نیچے لکھے جملوں کو مکمل کیجیے:

میں جاؤں گا

ہم پیتے ہیں

تم کھا رہے ہو

وہ آئے گا

# (۱۲۲) تو نہیں اور سہی

مقصد: جملوں میں کچھ الفاظ کو ان کے ہم معنی الفاظ سے بدلنا

ھدایت: دیئے گئے جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کے معنی تبدیل کیے بغیر ان کے قائم مقام الفاظ لکھیے۔

کھلاڑی: 2 وقت: ایک جملے کے لئے 10 سیکنڈ نمبر: ایک جملے کے لیے 2

1 سویرے کا وقت تھا، اس نے کھڑکی سے جھانکا، ایک پھول پر اس کی نظر پڑی۔

2 وہ بہت مسرور ہوئی اس نے خیال کیا اب باہر جانا چاہیے۔

3 وہ باہر آگئی۔ باغ میں پھولوں کی مہک بسی ہوئی تھی۔

4 آفتاب کی شعاعیں اس کے طلوع ہونے کا پتہ دے رہی تھیں۔

5 وہ چہل قدمی کے ارادے سے ایک سڑک پر ہولی۔

6 ٹریفک کا آنا جانا روز کی طرح زیادہ ہو گیا تھا۔

7 اندازاً وہ نصف گھنٹہ جھیل کے قریب ٹھہری۔

8 جھیل کے خوشنما نظارے کے بعد وہ گھر واپس آئی۔

# (۱۲۳) جملوں کی خوبصورتی

مقصد: جملوں میں خوبصورت مثالوں کی پہچان

ھدایت: ذیل میں دیئے ہوئے جملوں میں سے کچھ الفاظ غائب ہیں۔ ان جملوں میں کچھ تصویریں بھی ہیں انہیں پہچانئے اور جدول میں دیئے ہوئے الفاظ میں سے صحیح لفظ کو چن کر جملوں کو مکمل کیجئے۔

کھلاڑی: 1 وقت: ایک جملے کے لیے 1 منٹ نمبر: ایک جملے کے لیے 1


1 اس کا چہرہ پورے  کی طرح..................... ہے۔

2 عبداللہ  کی طرح..................... ہے۔

3 اس کے  گلاب کی طرح..................... ہیں۔

4 رحیم کا  آئینے کی طرح..................... ہے۔

5 اس کی  نرگس کے پھول کی طرح..................... ہے۔

6 اس لڑکے کی چال  کی طرح..................... ہے۔

| | | |
|---|---|---|
